**ریاستِ نیو یارک (STATE OF NEW YORK)**

**ریاستی بورڈ برائے انتخابات**

البنی، نیو یارک (Albany, New York)

6 اگست 2025

**<u>تصدیق نامہ</u>**

ریاست نیو یارک کے بورڈ برائے انتخابات کے نام:

معرفت ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ اس ریاست میں منگل، 4 نومبر 2025 کو ہونے والے عام انتخابات کے سلسلے میں درج ذیل تجویز عوام کی منظوری کے لیے انہیں پیش کی جائے گی: تجویز نمبر ایک، ایک ترمیم

**تجویز نمبر ایک، ایک ترمیم کا متن**

**سینیٹ اور اسمبلی کی بیک وقت قرارداد**

(اسمبلی بل 7454 / سینیٹ بل 5227)

آئین کے آرٹیکل 14 کے سیکشن 1 میں ایک ترمیم تجویز کر رہی ہے، جو ایسیکس کاؤنٹی میں ماؤنٹ وین ہووینبرگ اولمپک اسپورٹس کمپلیکس سے متعلق ہے

سیکشن 1۔ طے شدہ (اگر سینیٹ اتفاق کرتی ہے)، آئین کے آرٹیکل 14 کے سیکشن 1 میں ترمیم کی جائے تاکہ اس کو درج ذیل کے مطابق پڑھا جائے:

سیکشن 1۔ ریاست کی زمینیں جو ابھی اس کی ملکیت میں ہیں یا بعد میں حاصل کی جاتی ہیں، اور قانون کے مطابق ابھی فاریسٹ پریزرو (جنگلاتی محفوظ علاقہ) قرار پا چکی ہیں، ہمیشہ کے لیے جنگلاتی فاریسٹ لینڈز کے طور پر قائم رہیں گی۔ ان کو نہ تو لیز پر، فروخت کے لیے یا تبادلے کے لیے پیش کیا جائے گا، نہ ہی یہ کسی کارپوریشن، عوام یا نجی ادارے کی جانب سے حاصل کیے جائیں گے، اور نہ ہی یہاں موجود ٹمبر کو فروخت کیا، ہٹایا یا ضائع کیا جائے گا۔ یہاں موجود کوئی بھی چیز ریاست کو پہلے سے موجود کسی ہائی وے کی تعمیر، تکمیل اور دیکھ بھال سے نہیں روکے گی جس کے لیے آئینی ترمیم کے ذریعے خصوصی اجازت حاصل کی گئی ہو، اور نہ ہی گلینز فال شہر کے قریب سے گزرنے والی وفاقی معیار کی اور وفاقی امداد سے بننے والی انٹراسٹیٹ ہائی وے روٹ پانچ سو دو کی تعمیر اور دیکھ بھال سے روکے گی، جو وہاں سے لیک جارج اور وارنز برگ کے گاؤں کے شمال سے گزرتی ہے، پھر جنوبی ہوریکون اور پوٹرزویل کی آبادیوں سے ہوتی ہوئی شمالاً زیادہ تر ایک سیدھی لکیر کی صورت میں شرون لیک کی مغربی جانب سے شرون کی آبادیوں کے قریب سے گزرتی ہے، پھر شمالی سمت میں سفر جاری رکھتے ہوئے شرون فالز، دریائے شرون اور شمالی ہڈسن کے علاقوں میں شمالاً جاری رہتی ہے، اور میکومس ماؤنٹین کے مشرق، نیو رشیا کی آبادی کے مشرق، ایلزبتھ ٹاؤن گاؤں کے مشرق سے ٹاورز فورج کی آبادی کے قریب سے شمالاً، اور پوک او مون شائن پہاڑ کے مشرق سے گزرتی ہے اورشمالاً کیزول گاؤں اور پلیٹزبرگ شہر کے قریب سے گزرتی ہے، اور جو تمام متذکرہ بالا اسٹیٹ پریزرو لینڈ کے کل تین سو ایکڑ سے زیادہ کی زمین نہیں لیتی ہے اور نہ ہی تیس سے لے کر دو سو فٹ چوڑے تک اسکی ٹریلز کے زیادہ سے زیادہ پچیس میل اور اس کے لوازمات کی تعمیر اور دیکھ بھال سے روکتی ہے بشرطیکہ ایسے ٹریلز کا پانچ میل سے زیادہ کا حصہ ایسیکس کاؤنٹی میں وائٹ فیس ماؤنٹین کی شمالی، مشرقی اور شمال مغربی ڈھلوانوں کی جانب ایک سو بیس فٹ چوڑا نہ ہو، اورنہ ہی تیس سے لے کر دو سو فٹ چوڑے تک اسکی ٹریلز کے زیادہ سے زیادہ پچیس میل اور اس کے لوازمات کی تعمیر اور دیکھ بھال سے روکتی ہے بشرطیکہ ایسے ٹریلز کا دو میل سے زیادہ کا حصہ السٹر اور ڈیلاویئر کاؤنٹیز میں بیلی آئر ماؤنٹین کی ڈھلوانوں کی جانب ایک سو بیس فٹ چوڑا نہ ہو، اور نہ ہی تیس سے لے کر دو سو فٹ چوڑے تک اسکی ٹریلز کے زیادہ سے زیادہ چالیس میل اور اس کے لوازمات کی تعمیر اور دیکھ بھال سے روکتی ہے بشرطیکہ ایسے ٹریلز کا آٹھ میل سے زیادہ کا حصہ وارن کاؤنٹی میں گور اور

پیٹ گے پہاڑوں کی ڈھلوانوں کی جانب ایک سو بیس فٹ چوڑا نہ ہو، اور نہ ہی موجودہ ریاستی ہائی ویز پر موجود خطرناک موڑ اور گریڈز کے خاتمے کی خاطر زیادہ سے زیادہ پچاس میل کی منتقلی، دوبارہ تعمیر اور دیکھ بھال سے روکتی ہے بشرطیکہ ایسے مقاصد کے لیے فاریسٹ پریزرو لینڈ کے کل چار سو ایکڑ سے زیادہ کا رقبہ استعمال نہ ہو اور یہ کہ کسی بھی ہائی وے کا منتقل شدہ کوئی ایک بھی حصہ ایک میل کی لمبائی سے تجاوز نہ کرتا ہو۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود، ریاست سیرانیک لیک کے گاؤں کو عوامی استعمال کے لیے فاریسٹ پریزرو کا وہ دس ایکڑ دے سکتی ہے جو اس گاؤں سے متصل ہے، اور جسے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے لیے عوامی استعمال کیا جا سکتا ہے اور اس کے بدلے میں سیرانیک لیک کا گاؤں ریاست کو بعض حقیقی جنگلاتی زمینیں جو کہ اس گاؤں کی ملکیت ہیں، دے سکتا ہے، جو Lot 113, Township 11, Richards Survey کے شمالی نصف میں روئرنگ بروک میں واقع ہے۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود، ریاست ایریئٹا ٹاؤن کو فاریسٹ پریزرو کے اٹھائیس ایکڑ عوامی استعمال کے لیے دے سکتی ہے تاکہ اسے پسیکو ایئرپورٹ کے رن وے اور لینڈنگ اسٹرپ کی توسیع کے لیے استعمال میں لایا جائے اور اس کے بدلے میں ایریئٹا ٹاؤن ریاست کو تیس ایکڑ کی مخصوص زمینیں دے گا جو کہ ایریئٹا ٹاؤن میں اس ٹاؤن کی ملکیتی ہیں۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل زمینی رقبوں کے تبادلے کی قانونی منظوری سے مشروط، ریاست اپنی زمینوں کے بہتر انتظام کی خاطر انہیں ایک جگہ جمع کرنے کی غرض سے، International Paper Company کو ٹوٹن اور کراس فیلڈ پرچیز کے ٹاؤن شپس ٹو اور تھری اور موز ریور ٹریکٹ کے ٹاؤن شپ نائن میں واقع فاریسٹ پریزرو کے تقریباً آٹھ ہزار پانچ سو ایکڑ رقبہ دے سکتی ہے، لہذا اس کے بدلے میں International Paper Company ان ہی ٹاؤن شپس اور اسی کاؤنٹی میں واقع فاریسٹ پریزرو کے ایکڑوں کی یکساں تعداد اس شرط کے ساتھ فراہم کر سکتی ہے کہ مجلس قانون ساز یہ تعین کرے گی کہ ریاست کی جانب سے وصول کی جانے والی زمینیں، ریاست کی جانب سے عطا کی جانے والی زمینوں کی مالیت کے مقابلے میں کم از کم بھی یکساں مالیت رکھتی ہوں۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل زمینی رقبوں کے تبادلے کی قانونی منظوری اور یہاں طے شدہ کیفیات سے مشروط طور پر، ریاست تاریخی مقامات کے قومی رجسٹر پر اندراج شدہ تاریخی عمارات کے تحفظ میں سہولت کاری کی خاطر انہیں ایک ہی مالک اور نگہبان کی ملکیت میں لانے کی خاطر، Sagamore Institute Inc. نامی ایک غیر منافع بخش تعلیمی تنظیم کو زمین اور اس پر موجود عمارتوں کا دس ایکڑ فراہم کر سکتی ہے جو کہ .Sagamore Institute, Inc کی حقیقی پراپرٹی کے ساتھ منسلک ہے اور ہیملٹن کاؤنٹی میں، لانگ لیک ٹاؤن میں، ریکٹ لیک گاؤں کے قریب سیگامور روڈ پر واقع ہے، لہذا اس کے تبادلے میں .Sagamore Institute, Inc فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی نیت سے تقریباً دو سو ایکڑ کے جنگلی فاریسٹ پریزرو جو کہ ایڈیرونڈیک پارک میں واقع ہے، اس شرط کے ساتھ فراہم کرے گا کہ مجلس قانون ساز یہ طے کرے کہ ریاست کو موصول ہونے والی زمینیں مالیت کے اعتبار سے کم از کم بھی ان زمینوں اور عمارتوں سے مالیت میں یکساں ہیں جو کہ ریاست کی جانب سے فراہم کی جا رہی ہیں اور یہ کہ ریاست کی جانب سے فراہم کی جانے والی زمینوں اور عمارتوں کا قدرتی اور تاریخی کردار موزوں معاہدوں اور پابندیوں کے ذریعے محفوظ بنایا جائے گا

اور یہ کہ ریاست کی جانب سے فراہم کی جانے والی زمینیں اور عمارتیں Sagamore Institute, Inc. اور ریاست کے مابین طے پانے والے اتفاق نامے کے مطابق عوامی دوروں کے لیے معقول طور پر دستیاب ہوں گی۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود ریاست ایریئٹا ٹاؤن کو عوامی استعمال کی غرض سے اس ٹاؤن کے اندر واقع فاریسٹ پریزرو کے پچاس ایکڑ دے سکتی ہے جو کہ پسیکو ایئر پورٹ کے رن وے اور لینڈنگ اسٹرپ کی توسیع کے لیے فراہم کیے جائیں گے اور اس رن وے کے اطراف میں رکاوٹوں سے پاک علاقے کو برقرار رکھنے کے لیے فراہم کیے جائیں گے اور ان کے تبادلے میں ایریئٹا ٹاؤن ریاست کو لیک پلیزنٹ ٹاؤن میں واقع لاٹ 2 ٹاؤن شپ 2 ٹوٹن اور کراس فیلڈز پرچیز میں واقع حقیقی فاریسٹ لینڈ کے ترپن ایکڑ فراہم کرے گا۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل زمینی رقبوں کے تبادلے کی مجلس قانون ساز کی جانب سے منظوری سے مشروط، ٹاؤن آف کین، ایسیکس کاؤنٹی کو ایک قبرستان کے بطور عوامی استعمال کے لیے اسی ٹاؤن میں واقع تقریباً بارہ ایکڑ رقبے پر محیط فاریسٹ پریزرو لینڈ دے سکتی ہے، جو کہ اسی ٹاؤن کی ملکیت ہو گی، اور اس کے تبادلے میں کین ٹاؤن ریاست کو اپنے فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی خاطر تقریباً ایک سو چوالیس ایکڑ زمین فراہم کرے گا، اور اس کے ساتھ اسی ٹاؤن کی ملکیت میں موجود ایک زمین پر قانونی حق بھی ریاست کو فراہم کیا جائے گا جس میں ریاست کو دی جانے والی زمین سے متصل دریائی راستہ بھی شامل ہے جو کہ اس زمین پر مزید ترقیاتی کاموں پر پابندی عائد کرے گا اور یہ اس شرط سے مشروط ہے کہ مجلس قانون ساز یہ تعین کرے کہ ریاست کو موصول ہونے والی پراپرٹی، مالیت کے اعتبار سے کم از کم بھی ریاست کی جانب سے دی جانے والی زمین سے یکساں ہے۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل مجلس قانون ساز کی جانب سے منظوری سے مشروط، چونکہ پینے کے پانی کے کنوؤں اور اس سے متعلقہ ضروری لوازمات کے لیے فاریسٹ پریزرو لینڈز استعمال کرنے کا کوئی پائیدار متبادل موجود نہیں، اور چونکہ پینے کے پانی کے معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے ایسے کنوئیں ضروری ہیں، ریاست لانگ لیک ٹاؤن، ہیملٹن کاؤنٹی کو اس ٹاؤن میں واقع فاریسٹ پریزرو لینڈ کا ایک ایکڑ فراہم کر سکتی ہے کہ اسے عوامی استعمال کی خاطر پینے کے پانی کے کنوؤں اور ریکیٹ لیک کی آبادی کی خاطر میونسپل واٹر سپلائی کے لیے ضروری لوازمات کے لیے استعمال میں لایا جائے۔ پس اس کے تبادلے میں، لانگ لیک ٹاؤن ہیملٹ کاؤنٹی میں واقع کم از کم بارہ ایکڑ کی ایسی زمین ریاست کو فراہم کرے گا تاکہ اسے فاریسٹ پریزرو میں ضم کیا جائے جس کے لیے مجلس قانون ساز یہ تعین کرے گا کہ وہ مالیت میں کم از کم بھی ریاست کی جانب سے عطا کی جانے والی زمین کے مساوی ہے۔ ریکیٹ لیک کا سطحی ذخیرہ پینے کے پانی کی ترسیل کے ذریعے کے طور پر ترک رہے گا۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل مجلس قانون ساز کی جانب سے منظوری سے مشروط، ریاست سینٹ لارنس کاؤنٹی میں واقع اسٹیٹ روٹ 56 سے متصل چھ ایکڑ تک کا زمین کا رقبہ نیشنل گرڈ کو عطا کر سکتی ہے، جہاں یہ ٹاؤن شپ 5، لاٹس 1، 2، 5 اور 6 سے گزرتا ہے جو کہ نیشنل گرڈ کی جانب سے ایک نئی 46kV کی پاور لائن کی تعمیر کے لیے ضروری اور موزوں ہے اور اس کے عوض نیشنل گرڈ فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی خاطر سینٹ لارنس کاؤنٹی میں نیشنل گرڈ کی زیر ملکیت کم از کم 10 ایکڑ کی جنگلاتی زمین ریاست

کو عطا کرے گی، جو اس کیفیت کے ساتھ مشروط ہو گی کہ مجلس قانون ساز یہ تعین کرے کہ ریاست کی جانب سے موصول کی جانے والی پراپرٹی، مالیت میں کم از کم بھی ریاست کی جانب سے عطا کی جانے والی زمین سے یکساں ہے۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود مجلس قانون ساز ہیملٹن کاؤنٹی، لانگ لیک ٹاؤن میں ٹاؤن شپ فورٹی ٹوٹن اینڈ کراس فیلڈ خریداری کے حوالے سے ملکیت کے تنازعے کے بارے میں مجلس قانون ساز کی جانب سے معین شرائط کے مطابق تصفیے کی منظوری دے سکتی ہے، تاکہ متذکرہ ٹاؤن شپ میں ریاست اور نجی فریقین کے مابین طویل عرصے سے جاری اور متضاد دعوؤں کو حل کیا جائے، بشرطیکہ اس سے پہلے اور اس تصفیے کی شرط کے طور پر، ریاست کی جانب سے مختص کردہ فنڈز کے استعمال کے بغیر خریدی گئی زمین اور وہ جو ایڈیرونڈیک پارک کے اندر فاریسٹ پریزرو میں انضمام کے لیے موزوں ہو، اسے ریاست کو اس شرط پر ریاست کے سپرد کیا جائے کہ مجلس قانون ساز یہ تعین کرے کہ اس تصفیے کے تحت ریاست کے سپرد کی جانے والی زمین، فاریسٹ پریزرو کو ٹاؤن شپ فورٹی لینڈز کے موازنے میں ایک خالص فائدہ فراہم کرے گی۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود ریاست NYCO Minerals, Inc. کو خالصتاً اپنے ذاتی اخراجات کی بنیاد پر معدنیات کے نمونہ جات کی کارروائیوں میں مشغول ہونے کی اجازت دے سکتی ہے، تاکہ lot 8, Stowers Survey, Town of Lewis, Essex کاؤنٹی میں موجود فاریسٹ پریزرو لینڈ کے تقریباً 200 ایکڑ کے رقبوں پر موجود وولیسٹونائٹ کی مقدار اور معیار کا تعین کیا جائے، بشرطیکہ NYCO Minerals, Inc. ایسی ڈرلنگ سے حاصل ہونے والے ڈیٹا اور معلومات کو باضابطہ تخمینہ کاری کے مقاصد سے ریاست کو فراہم کرے۔ ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل رقبوں کی مجلس قانون ساز کی جانب سے منظوری سے مشروط، ریاست متذکرہ لاٹ 8 بعد ازاں NYCO Minerals, Inc. کے سپرد کر سکتی ہے، لہذا اس کے عوض NYCO Minerals, Inc. ریاست کو فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی غرض سے زمین کے یکساں ایکڑوں کی تعداد فراہم کرے گی، جو اس شرط پر ہو گا کہ مجلس قانون ساز کی جانب سے یہ تعین کیا جائے کہ ریاست کی جانب سے موصول کی جانے والی زمین، ریاست کی جانب سے سپرد کی جانے والی زمین کی مالیت کے مقابلے میں مساوی یا زیادہ مالیت کی حامل ہے اور اس شرط پر کہ ریاست کے سپرد کی جانے والی زمین کی تخمینہ شدہ مالیت ایک ملین ڈالر سے کم نہ ہو۔ جب NYCO Minerals, Inc. لاٹ 8 پر کان کنی کی تمام کارروائیاں ختم کر دے گی تو یہ اس مقام کو درست کرے گی اور یہ لاٹ واپس فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی غرض سے اس کی ملکیت واپس ریاست نیو یارک کو منتقل کر دے گی۔ ایسی صورت میں کہ جہاں اس پیراگراف کے مطابق لاٹ 8 NYCO Minerals, Inc. کے سپرد نہیں کی جاتی، NYCO Minerals, Inc. پھر بھی ریاست کو فاریسٹ پریزرو میں ضم کرنے کی غرض سے اتنے ہی ایکڑ زمین فراہم کرے گی جو کہ اس پیراگراف کے مطابق متذکرہ لاٹ پر سرانجام دیے گئے کسی قسم کے معدنیات کے نمونہ جات کی کارروائیوں کے نتیجے میں متاثر ہوئے ہوں، جو اس شرط پر ہو گا کہ مجلس قانون ساز یہ تعین کرے کہ ریاست کو موصول ہونے والی زمین، معدنیات کے نمونہ جات کی کارروائیوں کے سبب متاثر ہونے والی زمینوں کی مالیت کے مساوی ہیں یا زیادہ ہیں۔ متذکرہ پابندیوں کے باوجود اور ملکیت کی حقیقی منتقلی سے قبل مجلس قانون ساز کی جانب سے منظوری سے مشروط، فاریسٹ پریزرو جس کا کل رقبہ ڈھائی سو ایکڑ سے زیادہ

نہ ہو، اسے ہیلتھ اینڈ سیفٹی لینڈ اکاؤنٹ کی بنیاد پر استعمال میں لایا جائے گا۔ ایسی صورت میں کہ جہاں کوئی قابل عمل متبادل موجود نہ ہو اور مجلس قانون ساز کی جانب سے وضع کردہ دیگر لائحہ عمل کی پیروی کی جاتی ہے، ایک ٹاؤن، گاؤں یا کاؤنٹی، مجلس قانون ساز کی جانب سے متعین شدہ عمل کے مطابق ہیلتھ اینڈ سیفٹی لینڈ اکاؤنٹ کی بنیاد پر پروجیکٹس کے لیے درخواست دے سکتا ہے جو ان تک محدود ہوں: محکمہ برائے آمد و رفت کی جانب سے مرتب کردہ مقامی ہائی وے انوینٹری پر فہرست شدہ، تسلیم شدہ، اور یکم جنوری دو ہزار پندرہ کو موجودہ، اور جن پر سے سالانہ برف ہٹائی جاتی ہے اور جن کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جاتی ہے، ان کاؤنٹی ہائی ویز اور ٹاؤن ہائی ویز پر پلوں سے وابستہ خطرات یا حفاظت سے نمٹتے ہوں؛ محکمہ برائے آمد و رفت کی جانب سے مرتب کردہ مقامی ہائی وے انوینٹری پر فہرست شدہ، تسلیم شدہ، اور یکم جنوری دو ہزار پندرہ کو موجودہ، اور جن پر سے سالانہ برف ہٹائی جاتی ہے اور جن کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جاتی ہے، ان کاؤنٹی ہائی ویز اور ٹاؤن ہائی ویز پر موجود خطرناک موڑوں اور گریڈز کا خاتمہ؛ محکمہ برائے آمد و رفت کی جانب سے مرتب کردہ مقامی ہائی وے انوینٹری پر فہرست شدہ، تسلیم شدہ، اور یکم جنوری دو ہزار پندرہ کو موجودہ، اور جن پر سے سالانہ برف ہٹائی جاتی ہے اور جن کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جاتی ہے، ان کاؤنٹی ہائی ویز اور ٹاؤن ہائی ویز کی منتقلی اور تعمیر نو اور دیکھ بھال، مزید بشرطیکہ ایسے کسی ہائی وے کا کوئی ایک بھی واحد منتقل شدہ حصہ لمبائی میں ایک میل سے تجاوز نہ کرتا ہو؛ اور پانی کے ضروری کنویں اور ضروری لوازمات جہاں ایسے کنوئیں پینے کے پانی معیار کے لیے ضروری ہیں اور ایسے ریاستی ہائی ویز، کاؤنٹی ہائی ویز، اور ٹاؤن ہائی ویز کے قریب پانچ سو تیس فٹ کی حدود میں ہیں جو محکمہ برائے آمد و رفت کے زیر مرتب مقامی ہائی وے انوینٹری پر فہرست شدہ، تسلیم شدہ، اور یکم جنوری دو ہزار پندرہ کو موجود تھے، اور جن پر سے سالانہ برف ہٹائی جاتی ہے اور جن کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جاتی ہے۔ ایسے کسی ہیلتھ اینڈ سیفٹی لینڈ اکاؤنٹ کی تخلیق کی شرط کے طور پر ریاست فاریسٹ پریزرو میں انضمام کی خاطر ڈھائی سو ایکڑ کا رقبہ حاصل کرے گی، جو مجلس قانون ساز کی جانب سے اس منظوری سے مشروط ہو گا کہ ایسی زمین فاریسٹ ریزرو میں شامل کی جائے۔ ***متذکرہ شقوں کے باوجود نارڈک اسکیئنگ اور بائیتھلون ٹریلز جو کہ عالمی مقابلوں، تربیت اور تقریبات کے لیے جگہ فراہم کریں گے، اور جس کا کل رقبہ تین سو تئیس ایکڑ رقبے کے ٹریلز اور ضروری لوازمات سے زیادہ کا نہ ہو گا، ایسیکس کاؤنٹی میں شمالی ایلبا ٹاؤن میں ماؤنٹ وین ہووین برگ اسپورٹس کمپلیکس کی ایک ہزار انتالیس ایکڑ کے فاریسٹ پریزرو لینڈ پر عالمی معیار کے مطابق ان کی تعمیر، آپریشن اور دیکھ بھال کے لیے اجازت دی جاتی ہے اور اس کی تلافی میں ریاست کو فاریسٹ ریزرو میں انضمام کے لیے ایڈیرونڈیک پارک میں فاریسٹ پریزرو میں شمولیت کے لیے کم از کم دو ہزار پانچ سو ایکڑ کا فاریسٹ پریزرو لینڈ حاصل کرنا ہو گا جو اس شرط پر ہو گا کہ مجلس قانون یہ تعین کرے کہ ایسی زمینیں مالیت میں مساوی یا زیادہ ہیں۔***

§ 2. طے شدہ (اگر سینیٹ اتفاق کرتی ہے)، کہ متذکرہ ترمیم انتخابی قانون کی شقوں کے مطابق سال 2025 میں منعقد ہونے والے عام انتخابات میں عوام کی جانب سے منظوری کی خاطر جمع کروائے۔

وضاحت - خط کشیدہ امور نئے ہیں؛ [ ] بریکٹس میں موجود امور پرانا قانون ہیں جو کہ حذف کیا جائے گا۔

## تجویز نمبر ایک کا خاکہ، ایک ترمیم

## ایسیکس کاؤنٹی میں اسٹیٹ فاریسٹ پریزرو لینڈ پر اولمپک اسپورٹس کمپلیکس کی اجازت کے لیے ترمیم

تجویز ریاستی آئین میں ترمیم کرتی ہے۔ یہ فاریسٹ پریزرو میں نئے نارڈک اسکی اور بائیتھلون ٹریلز کی اجازت دیتی ہے۔ اس علاقے میں ترقیاتی کام کے لیے آئینی اجازت درکار ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ سہولت گاہ ایڈیرونڈیک فاریسٹ پریزرو میں واقع ہے۔ یہ شمالی ایلبا (North Elba) میں واقع ایک اولمپک اسپورٹس کمپلیکس کا حصہ ہے۔ شمالی ایلبا ایسیکس کاؤنٹی، نیو یارک میں واقع ہے۔ پروجیکٹ 323 ایکڑ کے رقبے پر پھیلا ہوا ہے۔ سہولت گاہ 1,039 ایکڑ کا احاطہ کرتی ہے۔ اس استعمال کی تلافی کی جا رہی ہے۔ 2,500 نئے ایکڑ فاریسٹ پریزرو میں شامل کیے جا رہے ہیں۔ ریاست نیو یارک کی مجلس قانون ساز کو اس تلافی کی منظوری دینا ہو گی۔ اگر ایسا نہ ہوا، تو پروجیکٹ پر عمل درآمد نہیں ہو گا۔

## ترمیم شدہ تجویز نمبر ایک جمع کرانے کا فارم

## ایسیکس کاؤنٹی میں اسٹیٹ فاریسٹ پریزرو لینڈ پر اولمپک اسپورٹس کمپلیکس کی اجازت کے لیے ترمیم

اسٹیٹ فاریسٹ پریزرو لینڈ پر اسکیئنگ اور متعلقہ ٹریل کی سہولیات کی اجازت دیتی ہے۔ یہ سائیٹ 1,039 ایکڑ کی ہے۔ اس کے لیے ریاست سے ایڈیرونڈیک پارک میں 2,500 ایکڑ کی نئی جنگلاتی زمین شامل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔

ہاں میں دیا جانے والا ووٹ ایڈیرونڈیک فاریسٹ پریزرو میں نئے اسکی ٹریلز اور متعلقہ سہولیات کی منظوری دیتا ہے۔

نہیں میں دیا جانے والا ووٹ اس استعمال کے لیے منظوری نہیں دیتا۔

ہم معرفت ہذا تصدیق کرتے ہیں کہ بیلٹ تجویز ایک، ایک ترمیم کا متذکرہ متن، حقیقی متن کی نقل ہے جس کے محکمہ برائے ریاست کی فائل میں ہونے کی تصدیق کی جاتی ہے۔

*ہمارے ہاتھوں سے اور ریاست نیو یارک کے دفتر برائے انتخابات کی مہر کے تحت، سال دو ہزار پچیس میں اگست کی 6 تاریخ کو جاری ہوا۔*

<u>/s/ Kristen Zebrowski-Stavisky</u>
Kristen Zebrowski Stavisky
معاون ایگزیکٹیو ڈائریکٹر
ریاست نیو یارک کا بورڈ برائے انتخابات

<u>/s/ Raymond J. Riley III</u>
Raymond J. Riley, III
معاون ایگزیکٹیو ڈائریکٹر
ریاست نیو یارک کا بورڈ برائے انتخابات